Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 178
تاریخ: 05 جنوری 2026

خاص جنرل باڈی اجلاس کی کاروائی

بذریعہ سرکلر نمبر 177 بتاریخ 7 دسمبر 2025 تمام پرنسپل ممبران وائی فیملیز کو 4 جنوری 2026 H- پارک واسپورٹس گراؤنڈ میں مدعو کیا گیا تھا تا کہ نئے منتخب اراکین ایسوسی ایشن کی حلف برداری واختیارات کے تبادلے کی تقریب منعقد کی جاسکے۔لہذا بروز اتوار 4 جنوری 2026 دن دو بجے یہ تقریب منعقد ہوئی جسمیں 81 پرنسپل ممبران شریک ہوئے، جسکی روداد مندجہ ذیل ہے:

۱۔ تقریب کی کمپئرنگ کے فرائض ہماری ایسوسی ایشن کی نئی منتخب خاتون محترمہ عائشہ مسعود خواجہ جو H-24 کی رہائشی ہیں نے انجام دیے۔عائشہ نے بہت بہترین انداز میں پوری تقریب کی کاروائی کو مکمل کیا اور حاضرین محفل سے داد حاصل کی۔

۲۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جسکی سعادت جناب یونس محی الدین صاحب کے حصہ میں آئی۔

۳۔ الیکشن کمیٹی کے چیئرمین جناب اختر علی خان صاحب نے الیکشن کے نتائج کو جو پہلے ہی تقسیم کیے جا چکے تھے کو ایک بار پھر پڑھ کر سنایا اور تمام پندرہ ممبران کے نام پکارے۔جسکے بعد جناب اختر صاحب نے سابقہ جنرل سیکرٹری جناب یونس محی الدین صاحب سے اختیارات کا تبادلہ نو منتخب جنرل سیکرٹری جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب کو منتقل کروائے۔

۴۔ جناب اختر علی خان صاحب نے تمام نو منتخب اراکین سے حلف لیا اور حلف نامہ پر دستخط کروائے۔اس دوران محترمہ عائشہ نے تمام ممبران کا تعارف کروایا کہ وہ کس شعبہ سے تعلق رکھتے ہیں اور انکا کیا تجربہ ہے۔

۵۔ سابقہ صدر جناب فرحت علی خان صاحب کو اسٹیج پر مدعو کیا گیا کہ وہ اپنے تاثرات کا اظہار کریں جنھوں نے اپنی چار سالہ کارکردگی پر مختصر روشنی ڈالی اور آنے والی ایسوسی ایشن کو مبارکباد دی۔

۶۔ سابقہ جنرل سیکرٹری جناب یونس محی الدین صاحب کو اسٹیج پر مدعو کیا گیا جنھوں نے نہ صرف اپنی چار سالہ کارکردگی پر مختصر تقریر کی بلکہ اپنے ممبران کے ساتھ کچھ مکینوں کی جن میں جناب بابر قائم خانی صاحب، سہیل منظر و حبیب صاحب کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بہت سپورٹ کیا اور انکی رہنمائی فرمائی۔

۷۔ عائشہ مسعود نے نئے منتخب صدر ایسوسی ایشن جناب ندیم احمد ملک صاحب کو تقریر کے لئے بلایا جنھوں نے بہت اچھے انداز میں حاضرین محفل کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ وہ اور انکی ایسوسی ایشن پہلے کی طرح مکینوں کی خدمات انجام دیتی رہے گی۔انکا کہنا تھا کہ ہم جو بھی اقدام اُٹھائیں گے وہ مکینوں کی بہتری کے لئے ہونگے نہ کہ ذاتی مفاد کے لئے۔انکا یہ بھی کہنا تھا کہ اب انکے شانوں پر مزید ذمہ داریاں آگئی ہیں لہذا انکی کوشش ہوگی کہ اسکو مزید بہتر انداز میں ادا کیا جائے۔

۸۔ آخر میں عائشہ مسعود خواجہ نے نئے منتخب جنرل سیکرٹری و چیف ایگزیکٹیو جناب حبیب الرحمٰن صاحب کو اسٹیج پر دعوت خطاب کے لئے مدعو کیا۔حبیب صاحب نے تقریر کے دوران تمام مکینوں کا مسلسل پانچویں بار پینل "B" کی کامیابی پر شکریہ ادا کیا اور اس دن ابو کامل اعظمی صاحب مرحوم کی یاد دلاتے ہوئے انکے ساتھ محمد علی صاحب کے والد، مسعود حسن صدیقی صاحب کے والد، ملک ندیم احمد صاحب کی والدہ، یاسر حسین K3 کے والد، سید ضیا اختر کاظمی C3 کے خسر اور اہل محلّہ کے وہ تمام عزیز جو حالیہ مہنوں میں رحلت فرما چکے ہیں انکے لئے فاتحہ خوانی و دعا کروائی۔حبیب صاحب نے حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے اپنے منشور کے کچھ پوائنٹ سنائے جسمیں اکاؤنٹنگ سسٹم کی آٹومیشن، ماہانہ کنٹریبوشن کے سسٹم میں بہتری کمیونٹی سینٹر کی تعمیر، کھیلوں کی سرگرمیاں بڑھانے، پانی کے سسٹم کی بہتر مینیجمنٹ اور لیڈیز کلب کی ایکٹیوٹی شامل تھے۔انھوں نے بھی تمام مکینوں کو یقین دلایا کہ انکی ہر جائز شکایت واچھی تجاویز پر ایسوسی ایشن مزید بہتر انداز میں کام کرے گی۔

۹۔ اسکے بعد جناب حبیب الرحمٰن خان صاحب اور ملک ندیم احمد صاحب نے الیکشن کمیٹی کے تینوں اراکین جناب اختر علی خان صاحب، جناب نظر علی صاحب اور جناب مرزا عاصم بیگ صاحب کو انکی الیکشن کی تیاری و پروگرام ترتیب دینے پر شیلڈ پیش کیں۔جسکے بعد جناب فرحت علی خان صاحب اور جناب یونس محی الدین صاحب کو بھی انکی چار سالا کارکردگی پر شیلڈ پیش کی گئیں۔

۱۰۔ آخر میں اختر علی صاحب کو اسٹیج پر اختتامی کلمات کے لئے مدعو کیا گیا اور پھر حاضرین کی تواضع گرما گرم مزید ارحلیم کے ساتھ کی گئی۔

شکریہ

حبیب الرحمٰن خان
جنرل سیکریٹری

Scanned with CamScanner